BRAMPTON Flower City
brampton.ca

Service and Information Update

اگلے ہفتے اسکول بند ہونے کی صورت میں، سٹی آف برامپٹن پورے دن کے کیمپس کی پیشکش کرے گا

برامپٹن، آن (16 جنوری 2020) –اگر ایلیمنٹری ٹیچرز فیڈریشن آف اونٹاریو (ETFO) اور اونٹاریو انگلش کیتھولک ٹیچرزایسوسیئیشن (OECTA) بروز منگل، 21 جنوری سے باری باری ہڑتال کرنے کے اپنے منصوبے پر عمل درآمد کرتے ہیں، تو ایسی صورت حال میں سٹی آف برامپٹن پورے برامپٹن میں مخصوص کمیونٹی سنٹرز پر آسان اور مناسب قیمت والے پورے دن کے کیمپس کی پیشکش کرے گا۔

سٹی آف برامپٹن اسکول جانے والے بچوں کے محنت کش والدین اور خاندانوں کی مدد کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

ہر اس دن، جب اسکول بند رہیں گے، چار سے 13 سال کی عمر کے بچوں کے لیے درج ذیل جگہوں پر پورے دن کے کیمپس کی پیشکش کی جائے گی:

- برامپٹن ساکر سینٹر
- گور میڈوز کمیونٹی سینٹر
- کیسی کیمپ بیل کمیونٹی سینٹر
- گرین برائر ری کریئیشن سینٹر

مزید جگہوں کی تصدیق ہونے پر آگاہ کیا جائے گا۔ پروگراموں کے متعلق تازہ ترین معلومات اور رجسٹریشن کی تفصیلات www.brampton.ca/recreation پر آن لائن دستیاب ہوں گی۔

برائے مہربانی نوٹ کریں کہ پورے دن کے کیمپس کی صرف اس صورت میں پیشکش کی جائے گی کہ اگر پیل ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ/ ڈفرن-پیل کیتھولک ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ کے اسکول بند ہوں۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca